## واقعہ کربلاحق اور سچ کی راہ میں بڑی سے بڑی قربانی دینے کا درس دیتا ہے۔الطاف حسین

## سیدالشہداءحضرت امام حسینؑ اوراہل بیت نے میدان کربلا میں حق کی راہ میں لازوال قربانیاں دیکر صبرواستقامت، عزم وہمت، ایثاروقربانی اورثابت قدمی کی ایسی مثال قائم کی ہے جورہتی دنیا تک زندہ رہے گی

لندن۔۔۔19،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ واقعہ کربلاحق اور سچ کی راہ میں بڑی سے بڑی قربانی دینے کا درس دیتا ہےاورسیدالشہداءحضرت امام حسینؑ، اہل بیتؑ اوران کے رفقاء نے میدان کربلا میں حق کی راہ میں لازوال قربانیاں دیکر صبرواستقامت،عزم وہمت، ایثاروقربانی اورثابت قدمی کی ایسی مثال قائم کی ہے جورہتی دنیا تک زندہ رہے گی اورحق پرستی کے علمبرداروں کیلئے مشعل راہ بنی رہے گی۔یوم عاشور پراپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ نواسہ رسولﷺ حضرت امام حسینؑ، اہل بیت اور انکے رفقاء نے حق کی خاطر سرکٹانا قبول کرلیا لیکن باطل پرست ظالم وجابرقوتوں کے آگے سرتسلیم خم نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ واقعہ کربلا دنیا بھرمیں راہ حق پر چلنے والے تمام حق پرستوں کے لئے مشعل راہ ہےاور یہ پیغام ہے کہ حق کی راہ میں کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ سیدالشہداءحضرت امام حسینؑ اوراہل بیت سے سچی محبت وعقیدت کا تقاضہ ہے کہ ان کی تعلیمات اورزریں اصولوں کی پیروی کی جائے۔جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والےعوام سے اپیل کی کہ وہ یوم عاشور کے موقع پراپنے درمیان اتحادو بھائی چارےاوریکجہتی کو برقراررکھیں اورسازشی عناصر پرکڑی نظررکھیں۔انہوں نے علمائے کرام سے بھی اپیل کی کہ وہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقراررکھنے کے سلسلے میں اپنا کردارادا کریں۔

## سبیلوں میں پانی وشربت کے ٹبوں کو پانی پلانے کی جگہ سے پیچھے رکھیں تا کہ کوئی تخریب کاران میں کچھ ملانہ سکے۔سبیلیں لگانے والے تمام افراد،تنظیموں اورانکے ذمہ داران سے ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کی اپیل

## عوام چوکس رہیں اورکسی مشکوک گاڑی کودیکھیں تواس کی اطلاع فوری طورپر پولیس اورانتظامیہ کودیں

## مذہبی انتہاپسندعناصر کی گرفتاری پرپولیس،انتظامیہ اورحساس اداروں کے حکام اوراہلکاروں کورابطہ کمیٹی کاخراج تحسین

کراچی۔۔۔19 جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سندھ خصوصاً کراچی کےعوام اورمحرم کے موقع پرسبیلیں لگانے والے تمام افراد،تنظیموں اوران کے ذمہ داران سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی اپنی سبیلوں میں پانی اورشربت کی حفاظت کریں اورانہیں پانی پلانے کی جگہ سے پیچھے رکھیں تا کہ کوئی تخریب کاران میں کچھ ملانہ سکے کیونکہ پولیس اورانتظامیہ کی اطلاعات کے مطابق گزشتہ روزخودکش حملہ آورپکڑے گئے ہیں جنکے پاس دہشت گردی کے سامان کے علاوہ انتہائی خطرناک زہرسائنائیڈ(Cyanide) بھی برآمدہواہے جوسبیلوں میں شربت اورپانی میں ملانے کا منصوبہ تھا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پولیس وانتظامیہ کے مطابق مذہبی انتہاپسندعناصر جومحرم کے موقع پرتخریب کاری کیلئے صوبہءسندھ آئے تھے۔انہوں نے نہ صرف محرم کے جلوسوں میں دہشت گردی اورخودکش حملے کا منصوبہ بنایا ہواتھا بلکہ سوگوارانِ حسینؑ کیلئے لگائی جانے والی سبیلوں کے پانی اورشربت میں زہرملانے کا منصوبہ بھی تیارکیاہواتھا مگر پولیس اورقانون نافذکرنے والے اداروں نے انہیں گرفتارکرلیا جس پر پولیس،انتظامیہ اورحساس اداروں کے حکام اوراہلکارخراج تحسین کے مستحق ہیں تاہم اس بات کا خدشہ موجود ہے کہ ان تخریب کاروں کے کچھ اورساتھی بھی موجودہوں جواب تک گرفتارنہیں ہوسکے ہیں اوروہ تخریب کاری کے اس منصوبہ کوعملی جامہ پہنانے کی کوشش کریں اسلئےعوام نہ صرف چوکس رہیں بلکہ سوگوارانِ حسینؑ کیلئے سبیلیں لگانے والی تمام تنظیموں،ان کے ذمہ داروں اوردیگرافراد سے اپیل ہے کہ وہ اپنی اپنی سبیلوں میں پانی اورشربت کی حفاظت کریں اورجس جگہ شربت اورپانی رکھا ہوتا ہے وہاں کسی غیرمتعلقہ فردکو ہرگزنہ آنے دیں اورپانی وشربت کے ٹبوں کو پانی پلانے کی جگہ سے پیچھے رکھیں تا کہ کوئی تخریب کاران میں کچھ ملانہ سکے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پولیس حکام کے مطابق دہشت گردوں نے بارود سے بھری گاڑیاں بھی تیارکی ہیں جوکسی جگہ تخریب کاری کیلئے استعمال کی جاسکتی ہیں لہٰذاعوام چوکس رہیں اورکسی مشکوک گاڑی کودیکھیں تواس کی اطلاع فوری طورپر پولیس اورانتظامیہ کودیں۔

## سبیلوں میں پانی وشربت کے ٹبوں کو پانی پلانے کی جگہ سے پیچھے رکھیں تا کہ کوئی تخریب کار ان میں کچھ ملا نہ سکے۔ سبیلیں لگانے والے تمام افراد، تنظیموں اور انکے ذمہ داران سے ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کی اپیل

## عوام چوکس رہیں اور کسی مشکوک گاڑی کو دیکھیں تو اس کی اطلاع فوری طور پر پولیس اور انتظامیہ کو دیں

## مذہبی انتہا پسند عناصر کی گرفتاری پر پولیس، انتظامیہ اور حساس اداروں کے حکام اور اہلکاروں کو رابطہ کمیٹی کا خراج تحسین

کراچی۔۔۔19 جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سندھ خصوصاً کراچی کے عوام اور محرم کے موقع پر سبیلیں لگانے والے تمام افراد، تنظیموں اور ان کے ذمہ داران سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی اپنی سبیلوں میں پانی اور شربت کی حفاظت کریں اور انہیں پانی پلانے کی جگہ سے پیچھے رکھیں تا کہ کوئی تخریب کار ان میں کچھ ملا نہ سکے کیونکہ پولیس اور انتظامیہ کی اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز خودکش حملہ آور پکڑے گئے ہیں جنکے پاس دہشت گردی کے سامان کے علاوہ انتہائی خطرناک زہر سائنائیڈ (Cyanide) بھی برآمد ہوا ہے جو سبیلوں میں شربت اور پانی میں ملانے کا منصوبہ تھا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پولیس وانتظامیہ کے مطابق مذہبی انتہا پسند عناصر جو محرم کے موقع پر تخریب کاری کیلئے صوبہء سندھ آئے تھے۔ انہوں نے نہ صرف محرم کے جلوسوں میں دہشت گردی اور خودکش حملے کا منصوبہ بنایا ہوا تھا بلکہ سوگوارانِ حسینؑ کیلئے لگائی جانے والی سبیلوں کے پانی اور شربت میں زہر ملانے کا منصوبہ بھی تیار کیا ہوا تھا مگر پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے انہیں گرفتار کرلیا جس پر پولیس، انتظامیہ اور حساس اداروں کے حکام اور اہلکار خراج تحسین کے مستحق ہیں تاہم اس بات کا خدشہ موجود ہے کہ ان تخریب کاروں کے کچھ اور ساتھی بھی موجود ہوں جو اب تک گرفتار نہیں ہوسکے ہیں اور وہ تخریب کاری کے اس منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کریں اسلئے عوام نہ صرف چوکس رہیں بلکہ سوگوارانِ حسینؑ کیلئے سبیلیں لگانے والی تمام تنظیموں، ان کے ذمہ داروں اور دیگر افراد سے اپیل ہے کہ وہ اپنی اپنی سبیلوں میں پانی اور شربت کی حفاظت کریں اور جس جگہ شربت اور پانی رکھا ہوتا ہے وہاں کسی غیر متعلقہ فرد کو ہرگز نہ آنے دیں اور پانی وشربت کے ٹبوں کو پانی پلانے کی جگہ سے پیچھے رکھیں تا کہ کوئی تخریب کار ان میں کچھ ملا نہ سکے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پولیس حکام کے مطابق دہشت گردوں نے بارود سے بھری گاڑیاں بھی تیار کی ہیں جو کسی جگہ تخریب کاری کیلئے استعمال کی جاسکتی ہیں لہٰذا عوام چوکس رہیں اور کسی مشکوک گاڑی کو دیکھیں تو اس کی اطلاع فوری طور پر پولیس اور انتظامیہ کو دیں۔

## ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن کے یونٹ انچارج محمد ادریس کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔19، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 119 کے یونٹ انچارج محمد ادریس کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

## شعیب بخاری کی معروف علمائے کرام علامہ طالب جوہری، علامہ سید شاہ تراب الحق قادری سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔19، جنوری 2008ء

محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ کے سلسلے میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے معروف عالم دین علامہ طالب جوہری اور ممتاز عالم دین علامہ سید شاہ تراب الحق قادری سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا۔ اس موقع پر گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد کمال، ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے اراکین مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی، انور رضا اور ناصر یامین بھی موجود تھے۔ ملاقات میں علامہ طالب جوہری، علامہ سید شاہ تراب الحق قادری اور مولانا تنویر الحق تھانوی نے کہا کہ فرقہ واریت کو ہوا دینے والے ہمارے دوست نہیں بلکہ تمام فرقہ اور مسالک کے ماننے والوں کے کھلے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کی طرح اس مرتبہ بھی تمام فرقہ اور مسالک کے ماننے والے اخوت ومحبت کے جذبات کو فروغ دیں اور اپنے درمیان مکمل آہنگی برقرار رکھیں۔ انہوں نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ایم کیو ایم کے عملی اقدامات اور شہر میں حق پرست قیادت کی جانب سے بلاتفریق کرائے جانے والے ترقیاتی وتعمیراتی کاموں کو سراہا۔ اس موقع پر علمائے کرام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیوایم کی جانب سے عثمانیہ مہاجر کالونی، جہانگیر روڈ، مارٹن کوارٹر، سولجر بازار اور پیر کالونی میں آٹے کے مفت تھیلے تقسیم کئے

کراچی۔۔۔19، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں عوام کو آٹے کے مفت تھیلے تقسیم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز حق پرست امیدوار برائے پی ایس 117 ڈاکٹر صغیر احمد نے عثمانیہ مہاجر کالونی، جہانگیر روڈ، مارٹن کوارٹر، سولجر بازار، گارڈن، لسبیلہ چوک اور پیر کالونی کے علاقے نفیس آباد کے 300 خاندانوں میں 10 کلو والے آٹے کے تھیلے مفت تقسیم کئے۔ اس موقع پر حق پرست امیدوار ڈاکٹر صغیر احمد نے عوام سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آٹا ملک بھر کے عوام کی بنیادی ضرورت ہے زرعی ملک میں آٹے کے بحران کا پیدا ہونا گھناؤنی سازش ہے تاکہ غریب عوام کی مشکلات اور پریشانیوں میں مزید اضافہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایسے سازشی عناصر کی تمام سازشوں کو عوامی طاقت سے انشاء اللہ ماضی میں بھی ناکام بناتی رہی ہے اور آئندہ بھی اس کا مقابلہ کرے گی اور ہر سطح پر آواز بلند کرے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ آٹے کے بحران کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں اور اس میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔ اس موقع پر مفت آٹے کی تقسیم سے استفادہ کرنے والے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی یونٹ کے تحت یوم حسینؓ کی تقریب میں سبیل لگائی گئی

کراچی۔۔۔19، جنوری 2008ء

جامعہ کراچی میں مشیر امور طلبہ کے زیراہتمام گزشتہ روز ''یوم حسینؓ'' منعقد کیا گیا جس میں آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزنگ جامعہ کراچی یونٹ کی جانب سے سبیل لگائی گئی۔ سبیل میں اے پی ایم ایس او کی جانب سے طلبہ وطالبات میں دودھ کا شربت تقسیم کیا گیا۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 119 کے یونٹ انچارج محمد ادریس، ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 176 کے کارکن شہاب الدین احمد کی والدہ محترمہ اور ایم کیوایم شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 169 کی یونٹ انچارج محترمہ شاہینہ سہیل کی ساس محترمہ جمیلہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر کی یونٹ انچارج سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 170 کی یونٹ انچارج محترمہ خورشید اقبال کی والدہ محترمہ اسلام جہاں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ خورشید افسر اور شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان نے مرحومہ کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆